# نیو ایرا پبلک اسکول راج باغ سرینگر (صفحہ ۱)

اردو اے۔بی — یونٹ دوم ۲۰۲۲ء حل کردہ اسائنمنٹ

جماعت: پانچویں — سبق نمبر: ۲

عنوان: کملی والے کا جب لب پہ نام آگیا۔

الفاظ/معنی (On Pg no. 13 and 14)

## "تحریری سوالات"

۱

سوال۱ کملی والے کس کو کہتے ہیں اور کیوں؟

جواب کملی والے حضرت محمدؐ کو کہتے ہیں کیونکہ وہ ہمیشہ کالے رنگ کی کمل اوڑھتے تھے۔

سوال۲ رحمتیں کہاں نازل ہوتی ہیں؟

جواب رحمتیں وہاں نازل ہوتی ہیں جہاں خیرالانام کا ذکر ہوتا ہے۔

سوال۳ کونین کسے کہتے ہیں اور کملی والے پر اس کو کیوں ناز ہے؟

جواب کونین دو عالم کو کہتے ہیں اسے کملی والے پر اس لئے ناز ہے کیونکہ وہ دونوں عالموں کے سردار ہیں۔

سوال۴ جس کے دل میں محمدؐ کا نام آگیا اس نے کیا حاصل کیا؟

جواب جس کے دل میں محمدؐ کا نام آگیا اسے کوثر کا جام حاصل ہوگیا۔

سوال۵ شاعر اپنے لیے کس نداوت سے نبی برحقؐ سے دعا مانگتا ہے؟

جواب شاعر بڑی نیاز مندی اور عاجزی سے نبی برحقؐ سے دُعا مانگتا ہے۔

۲۔ درج ذیل جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

۱۔ آگیا ۲۔ کا م ۳۔ ناز ۴۔ میں ۵۔ دل ۶۔ اس

صفحہ ۲

۳۔ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر ٹک لگائیے

۱۔ کملی والا کس کو کہتے ہیں؟

i محمدؐ کو ☑ ii خدا کو ☐ iii حضرت جبرئیلؑ کو ☐

۲۔ کونین کو کس پر فخر ہے؟

i خدا پر ☐ ii کملی والے پر ☑ iii قرآن پر ☐

۳۔ محمدؐ کا نام پکار کر دل کی زبان پر کیا آتا ہے؟

i خدا ☐ ii نماز ☐ iii سلام ☑

۴۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

| | الفاظ | جملے |
| --- | --- | --- |
| ۱ | راجا | شاہ جہاں ایک راجا تھا۔ |
| ۲ | بے پر | میں بے پر ہوں۔ |
| ۳ | پردار | پرندے پردار ہوتے ہیں۔ |
| ۴ | سنسار | اس سنسار کا مالک خدا ہے۔ |
| ۵ | مشک | گلاب کا مشک اچھا ہوتا ہے۔ |
| ۶ | پورب | میرا اسکول پورب کی طرف ہے۔ |

عنوان:- ہمارے پرندے — سبق نمبر: ۴

الفاظ معنی (On Pg no. 31)

"تحریری سوالات"

سوال کیا ہم پرندوں کے بارے میں ساری باتیں جانتے ہیں اور کیوں؟

جواب نہیں، ہم پرندوں کے بارے میں ساری باتیں نہیں جانتے ہیں کیونکہ دنیا میں سینکڑوں قسم کے پرندے ہیں اور ان کے بارے میں واقفیت صرف علم طیور کو ہو سکتی ہے اور ہم علم طیور نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال ۲ پرندے کیسی غذا پسند کرتے ہیں؟
جواب پرندے اپنی من پسند غذا پسند کرتے ہیں۔
سوال ۳ وہ کون سے پرندے ہیں جو گوشت کھاتے ہیں۔گوشت انہیں کہاں سے حاصل ہوتا ہے؟
جواب لقّا اور چیل جیسے پرندے گوشت کھاتے ہیں۔یہ پڑا ہوا گوشت ہی نہیں کھاتے بلکہ دوسرے پرندوں کے بچوں کو پنجوں میں اٹھا کر دور جگہ لے جا کر انہیں مزے سے کھاتے ہیں۔
سوال ۴ مکانوں کے سوراخوں میں کون سے پرندے رہتے ہیں؟
جواب مکانوں کے سوراخوں میں چڑیا، مینا اور بلبل جیسے پرندے رہتے ہیں۔
سوال ۵ ٹیلربرڈ اپنا گھر کیسے بناتا ہے؟
جواب ٹیلربرڈ پیڑوں کے بڑے بڑے پتوں کو باریک ریشو سے سی کر اپنا گھر بناتا ہے۔
سوال ۶ ویورربرڈ کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے؟
جواب ویورربرڈ تنکوں اور ریشوں کو بن کر اپنا گھوسلہ بناتا ہے۔اسلیے اسے ویورربرڈ کہتے ہے۔

۲۔ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:
۱۔ پوری ۲ پرندے ۳ کالے ۴ دوسرے پرندوں کے بچوں ۵ درخت

۳۔ صفتیں اور اسماء جوڑ کر جملے بنایئے۔

| | صفت | اسم | جملے |
|---|---|---|---|
| ۱. | زہریلا | سانپ | زہریلے سانپ نے آدمی کو کاٹا۔ |
| ۲. | دلچسپ | کتاب | اُردو کتاب بہت دلچسپ ہے۔ |
| ۳. | ظالم | بادشاہ | اُس سلطنت کا بادشاہ بہت ظالم تھا |
| ۴. | خوبصورت | عورت | رام کی ماں خوبصورت عورت ہے۔ |
| ۵. | ذہین | لڑکا | اکرم ذہین لڑکا ہے۔ |

Scanned with CamScanner

| | صفت | اسم | جملے |
|---|---|---|---|
| ۶ | اونچی | عمارت | یہ عمارت اونچی ہے۔ |
| ۷ | نیلا | آسمان | آسمان نیلا ہوتا ہے۔ |

۴۔ کالم (الف) میں دیے گئے پرندوں کے ناموں کو انکی خوراک کے ناموں سے ملائیے:

| | الف | ب |
|---|---|---|
| ۱ | کوّا | دانہ (۳) |
| ۲ | طوطا | گوشت اور چوزے (۱) |
| ۳ | چڑیا | کیچوا (۴) |
| ۴ | چیل | کوڑا کرکٹ (گندگی) (۵) |
| ۵ | ہُد ہُد | پھل (۲) |

۵۔ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر (✓) لگائیے۔

۱۔ ڈاکٹر سالم علی ہندوستان کے سب سے نامور یا عالم طیور ماہر گزرے ہیں:

i سائنسداں ☐ ii عالم طیور ☑ iii عالم ریاضیات ☐

۲۔ آپ اس نام سے بھی مشہور تھے:

i ڈاکٹر طیور ☐ ii نپولین ☐ iii برڈ مین آف انڈیا ☑

۳۔ ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بہت قسم کی چڑیاں دیکھتے ہیں:

i چھڑیاں ☐ ii چڑیاں ☑ iii سینڈکیں ☐

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۵)

عنوان :- خانہ کعبہ
سبق نمبر :- ۵
الفاظ/معنی (On Pg no. 38)

"تحریری سوالات"

سوال۱ عرب کے دو مقدس ترین شہروں کے نام بتائیے اور یہ کیوں مقدس ہیں؟

جواب مکّہ اور مدینہ دو مقدس اور اہم ترین شہر ہیں۔ کیونکہ مکّہ میں حضرت محمدؐ پیدا ہوئے۔ اسی شہر میں آپؐ پر خدا کی طرف سے پہلی بار وحی نازل ہوئی۔ اور مدینہ میں مسجد نبوی ہے اور اس کے ساتھ ہی روضہ رسولؐ بھی ہے۔

سوال۲ حضرت محمدؐ نے مکہ مکرمہ سے ہجرت کیوں کی؟

جواب آپؐ نے جب خدا کے سچے دین کی تبلیغ شروع کی تو مکّہ کے لوگوں نے آپؐ کو سخت تکلیفیں پہنچائی اسلئے آپؐ نے یہاں سے مدینہ ہجرت کی۔

سوال۳ خانہ کعبہ کی تعمیر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب خانہ کعبہ کو سب سے پہلے فرشتوں نے تعمیر کیا۔ اس کے بعد حضرت ابراہیمؑ اور ان کے فرزند حضرت اسماعیلؑ نے خدا کے حکم کے مطابق اس کی تعمیر کی۔

سوال۴ یمن کے حاکم ابرہہ کا لشکر کیسے تباہ ہوا؟

جواب یمن کے حاکم ابرہہ نے ہاتھیوں کا بڑا لشکر لے کر خانہ کعبہ پر چڑھائی کرنے کی کوشش کی۔ اللہ نے پرندوں کا جھنڈ بھیج کر اس لشکر کو تباہ کر دیا اور یوں اپنے گھر کی خود حفاظت کی۔

Scanned with CamScanner

سوال ۵ حجرِ اسود نصب کرنے کا جھگڑا کیسے ختم ہو گیا؟ (صفحہ ۶)

جواب حجرِ اسود نصب کرنے کا جھگڑا حضرت محمدؐ نے ختم کیا۔ آپؐ نے حسن تدبیر سے کام لیا اور یہ مشورہ دیا کہ حجرِ اسود کو چادر پر اٹھا لیا جائے اور ہر شخص چادر کو پکڑ کر اس کو نصب کرنے کا شرف حاصل کرے۔

سوال ۶ حج کے دوران خانہ کعبہ کی عظمت کا احساس کس طرح ہوتا ہے؟

جواب حج کے دوران خانہ کعبہ کی عظمت کا احساس تب ہوتا ہے۔ جب امیر، غریب، گورے، کالے، عربی، عجمی، حاکم غلام سبھی خدا کے دربار میں ایک ہو جاتے ہیں۔

۲۔ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

۱. گھر ۲. حضرت اسماعیلؑ ۳. بیج۔

۳۔ (الف) میں دیے گئے الفاظ کو (ب) میں دیے گئے مترادف (ہم معنی) الفاظ سے جوڑ دیجیے:

| | الف | ب |
|---|---|---|
| ۱ | سچا | دُکھ (۳) |
| ۲ | پیدا ہونا | حق گو (۱) |
| ۳ | تکلیف | جنم لینا (۲) |
| ۴ | پہلی | لڑائی (۶) |
| ۵ | رات | اوّل (۴) |
| ۶ | جنگ | شب (۵) |

Scanned with CamScanner

۴۔ درج ذیل سوالات کے صحیح جواب پر (✓) لگائیے (صفحہ ۷)

۱۔ مسجد نبوی۔

i. مدینہ میں واقع ہے ☑

ii. مصر میں واقع ہے ☐

iii. مکّہ میں واقع ہے ☐

۲۔ خانہ کعبہ پر کس نے چڑھائی کی؟

i. یمن کے بادشاہ ابرہہ نے ☑

ii. مصر کے بادشاہ فرعون نے ☐

iii. مکّہ کے کفار نے ☐

۳۔ دنیا کے مختلف ملکوں سے مسلمان مکّہ شریف کیوں جاتے ہیں؟

i. تجارت کرنے کے لیے ☐

ii. حج کرنے کے لیے ☑

iii. سیر و سیاحت کرنے کے لیے ☐

سبق نمبر: ۳ اردو گرامر

## "صفت کی قسمیں"

سوال: صفت کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب: صفت کی چار قسمیں ہیں
۱۔ صفت ذاتی ۲۔ صفت نسبتی ۳۔ صفت عددی ۴۔ صفت مقداری

۱۔ صفت ذاتی:- وہ صفت ہے جو کسی شخص یا چیز کی ذاتی حالت یا صفت کو ظاہر کرے۔ مثلاً خوبصورت عورت، نیک لڑکا، ذہین لڑکی جھوٹا آدمی وغیرہ۔

ا۔ ذیل میں دیے گئے جملوں کی خالی جگہوں کو صفت ذاتی لگا کر پُر کیجیے: (Pg no.27)

۲۔ کمزور ۳۔ بوڑھا ۴۔ اونچے ۵۔ گول -

ب۔ ذیل میں دیے گئے گروپ میں ناموزوں الفاظ کو دائرہ بند کیجیے: (Pg no 27 & 28)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صاف | میلا | پیارا | لومڑی | موٹا |
| کھٹا | میٹھا | پہاڑ | سرخ | نیلا |
| ہلکا | چاقو | بھاری | ذہین | گول |
| شمائلہ | سست | تیز | اچھا | بُرا |

ج۔ کالم الف کے الفاظ کو کالم ب کے الفاظ کے ساتھ جوڑ دیجیے: (Pg no.28)

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | اندھا | بلّی (۳) |
| ۲ | مکار | آدمی (۱) |
| ۳ | کالی | لڑکا (۴) |
| ۴ | نیک | لومڑی (۲) |

Scanned with CamScanner

سوال ۴ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (صفحہ ۹ Pg no. 28)
(✓) ٹک کا نشان لگائیے:
۱. صفت ذاتی کسے کہتے ہیں؟
جواب اپنی ذات کی صفت ✓
۲. کیا "اچھا، بُرا، بڑا، چھوٹا" سب صفت ذاتی ہیں؟
جواب ہاں ✓
۳. کیا کوئی شخص یا چیز صفت ذاتی سے خالی ہو سکتی ہے؟
جواب نہیں ہو سکتی ✓

## صفت کی دوسری قسم۔ صفت نسبتی

سوال ۲ صفت نسبتی:- وہ صفت ہے جو ایک اسم کی نسبت یا لگاؤ دوسرے اسم کے ساتھ ظاہر کرے۔ مثلاً لاہوری تانگہ، افغانی ٹوپی، ایرانی قالین وغیرہ۔

سوال ۱ ذیل میں دیے گئے جملوں کی خالی جگہوں کو صفت ذاتی لگا کر پُر کیجیے: (On Pg no. 30)
۱. عربی ۲ ریگستانی ۳ انار ۴ عیسوی ۵ انڈے۔

سوال ۲ ذیل میں دیے گئے گروپ میں سے ناموزوں الفاظ کو دائرہ بند کیجیے: (On Pg no. 30 and 31)

عیسوی موسوی (انار) ہجری
پہاڑی سمندری آسمانی (انگور)
(آم) انگریزی عربی فارسی

سوال ۳ کالم الف کی عبارت کو کالم ب کی عبارت سے ملائیے۔ (On Pg no. 31)

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | کشمیری | جہاز (۵) |
| ۲ | ایرانی | شال (۱) |
| ۳ | مصری | قالین (۲) |
| ۴ | لداخی | اہرام (۳) |
| ۵ | ریگستانی | ٹوپی (۴) |

Scanned with CamScanner

۲۔ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔ (صفحہ ۱۰)
(On Pg.no 31)

۱۔ جو صفت کسی چیز یا شخص کا لگاؤ کسی دوسرے شخص یا چیز کے ساتھ ظاہر کرے اسے کیا کہتے ہیں؟
جواب: صفت نسبتی ✓

۲۔ ریگستانی، عالمی، پاکستانی کس قسم کی صفت ہے؟
جواب: صفت نسبتی ✓

۳۔ جس صفت سے کسی چیز کی ذاتی حالت یا کیفیت ظاہر ہو اسے کیا کہتے ہیں۔
جواب: صفت ذاتی ✓

۴۔ "بڑا، چھوٹا، گول، اونچا" کس قسم کی صفت ہے؟
جواب: صفت ذاتی ✓

## صفت کی تیسری قسم۔ صفت عددی

۳۔ صفت عددی:- وہ صفت ہے جس سے کسی چیز کی صحیح تعداد معلوم ہو۔ مثلاً دس گھوڑے، ایک لڑکا چار کرسیاں وغیرہ۔

۱۔ ذیل میں دیے ہوئے جملوں کی خالی جگہوں کو صفت ذاتی لگا کر پُر کیجیے:
(On Pg.no 33)
۱ ایک ۲ بارہ ۳ چار ۴ دو ۵ دو۔

۲۔ ذیل میں دیے گئے گروپ میں سے ناموزون الفاظ کو دائرہ بند کیجیے:
(On Pg no. 33)

چوہا (بلی) تین نو پانچ
تین سات (قلم) (چھاتا) دس
چار (کتا) (پھول) چھے آٹھ

Scanned with CamScanner

(صفحہ 11)

س۳ کالم الف کی عبارت کو کالم ب کی عبارت سے ملائیے: (On Pg no.34)

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | خدا | بھائی ہیں۔ (۴) |
| ۲ | انسان کی | بیس چیزیں ہوتی ہیں۔ (۵) |
| ۳ | ایک ہاتھ میں | ایک ہے۔ (۱) |
| ۴ | ہم پانچ | دو ۲ آنکھیں ہیں۔ (۲) |
| ۵ | کوڑی کی | پانچ انگلیاں ہیں (۳) |

س۴ ذیل میں دیے گئے جملوں کی ترتیب درست کیجیے: (On Pg no.34)

جواب ۲ ایک درجن میں بارہ کیلے ہوتے ہیں۔

جواب ۳ ایک سے دس تک گنتی لکھو۔

جواب ۴ گائے کی چار ٹانگیں ہوتی ہیں۔

جواب ۵ سورج ایک ہے۔

صفت کی چوتھی قسم: صفت مقداری

س۵ صفت مقداری:- وہ صفت ہے جس سے کسی چیز کی صرف مقدار کا اندازہ ظاہر ہو سکے۔ مثلاً کچھ آٹا، تھوڑا اناج، چند بچے وغیرہ۔

س۱ ذیل میں دیے گئے جملوں کی خالی جگہوں کو صفت مقداری لگا کر پُر کیجیے: (On Pg no.35)

۲۔ تھوڑا ۳ انبار ۴ سب ۵ زیادہ۔

س۲ کالم الف کی عبارت کو کالم ب کی عبارت سے ملائیے۔ (On Pg no.36)

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | مجھے دس دن کے لیے | اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ (۳) |
| ۲ | بچوں نے کلاس میں | تھوڑا سا دودھ چاہیئے۔ (۴) |
| ۳ | تم جتنی زیادہ محنت کرو۔ | کچھ روپیہ ادھار دے دو (۱) |
| ۴ | مجھے پینے کے لیے | بہت شور مچا رکھا ہے (۲) |

Scanned with CamScanner

۳۔ ذیل میں دیے گئے گروپ میں سے ناموزوں الفاظ (صفحہ ۱۲) کو دائرہ بند کیجیے:
(On Pg no 36)

اتنا جتنا کچھ (بیل) ہلکا
کئی چند (بکری) ذرا سا بھاری
پورا (ہرن) آدھا کافی ناکافی
(ہاتھی) چوتھائی دوگنا تگنا تہائی

۴۔ درج ذیل سوالات کے صحیح جوابات پر (✓) کا نشان لگائیے:
(On Pg no 36 and 37)

۱ مقدار کا اندازہ لگانے کی صفت کو کیا کہتے ہیں؟
جواب صفت مقداری ✓

۲ جس چیز کی گنتی یا شمار کا اندازہ ہو سکے اس کو کیا کہتے ہیں
جواب صفت عددی ✓

۳ جس صفت سے کسی چیز کی ذاتی حالت معلوم ہو سکے اس کو کیا کہتے ہیں۔
جواب صفت ذاتی ✓

۵۔ درج ذیل جملوں میں جو الفاظ صفت مقداری کے طور پر استعمال کیے گئے ہیں انھیں دائرہ بند کیجیے:

۲۔ آج (کچھ) بارش ہوئی۔
۳۔ باغ میں میووں کے (انبار) لگے ہیں۔
۴۔ اس کا گھر اسکول سے (بہت) دور ہے۔
۵ کاشف (سب) لڑکوں میں واحد ذہین لڑکا ہے۔
(On Pg no 37)

## مضمون: تاج محل

تاج محل جمنا ندی کے کنارے واقع ہے جو آگرہ شہر میں واقع ہے۔ تاج محل ایک مقبرہ ہے جو مغل بادشاہ، شاہِ جہاں نے اپنی چہیتی ملکہ ممتاز محل کی خواہش پر بنوایا تھا۔ تاج محل دنیا کے سات عجوبوں میں ایک ہے۔ ممتاز محل اسی تاج محل کے اندر دفن ہے۔ تاج محل پوری دنیا میں مشہور ہے۔ لوگ دور دور سے اس کو دیکھنے آتے ہیں۔ یہ محل سنگ سفید، سنگ سیاہ اور سنگ سرخ سے بنا ہوا ہے۔ اُس زمانے میں اس کی تعمیر پر کروڑوں روپے خرچ ہوئے اور قریب بیس برس تک مکمل ہوئی۔

جب تاج مکمل ہوا تو بادشاہ نے اس کے سب سے بڑے انجینیر استاد عیسیٰ کی آنکھیں نکلوائی اور دونوں ہاتھ کٹوا دیے تاکہ وہ دوسری کسی جگہ ایسی عمارت نہ بنا سکے۔ اس میں شک نہیں کہ بادشاہ نے استاد عیسیٰ کو دولت سے مالا مال کر دیا۔ تاج محل کی دیواروں پر قرآنی آیات اور بیل بوٹوں کے علاوہ جواہرات سے آراستہ کیا گیا ہے۔ صحن میں سرو اور صنوبر کے درخت ایک عجیب شان پیدا کرتے ہیں۔ اس پر لگے ہوئے بلند اور عالی شان مینار اس کے حسن کو دوبالا کرتے ہیں۔

یہاں صرف ممتاز محل ہی دفن نہیں بلکہ اس کی قبر کے پہلو میں بادشاہ، شاہِ جہاں بھی دفن ہے گویا کہ عشق محبت کے یہ دونوں پرستار پہلو بہ پہلو محوِ آرام ہیں۔

اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں یہ نصیحت ہو کہ صرف کتابیں پڑھنے اور صحت کا خیال نہ کرنے سے انسان کو کتنا نقصان ہوتا ہے۔

راجباغ سرینگر
۱۶، فروری ۲۰۲۲ء

میرے عزیز بھائی

خدا تمہیں سلامت رکھے

میں نے سنا ہے کہ تم دن رات صرف کتابیں پڑھتے رہتے ہو اور کبھی ورزش یا کھیل کود میں حصہ نہیں لیتے ہو۔ صرف کتابوں کے ساتھ رہنا انسان کو سُست اور کاہل بناتا ہے۔ میری نصیحت مانو ہر روز صبح سویرے سیر کو جایا کرو۔ کھیلو کودو تاکہ تمہاری صحت قائم رہ سکے۔ مجھے یقین ہے کہ تم میری نصیحت پر ضرور عمل کرو گے

تمہارا بھائی
ا۔ب۔ج

---

واحد جمع:۔ تاجر سے حاکم تک (Ls no. 7, Pg no. 58)

مذکر/مونث: لڑکا سے لنگڑا تک (Ls no. 8, Pg no. 63)

محاورات:۔ آب آب ہونا سے لے کر بال کی کھال اتارنا تک۔ (Ls no. 12, Pg no. 73 and 74)

پیرا نویسی:۔ غلاف کیسے بنائیں۔ (Ls no. 14, Pg no. 80)

Prepared by:- Fajar.

Scanned with CamScanner